سیکرٹری ماحولیات کا عہدیدار کیخلاف بیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی کا حکم جاری

کوئٹہ (این این آئی) [illegible] EPA [illegible] بقیہ 70 نمبر 7 [illegible] 90 [illegible] BEDA Act [illegible]

کوئٹہ میں پولیو مہم میں 100 فیصد کوریج یقینی بنائیں، ذیشان انشاری

[illegible] پولیو ٹیموں کی فیلڈ سرگرمیوں اور مانیٹرنگ کے عمل کا تفصیلی جائزہ

کوئٹہ (ن ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن [illegible] بقیہ 41 نمبر 7 [illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 23 SEP 2026 Page No. 15

نوجوانوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی روشن مستقبل کی ضامن ہے، مالک بلوچ

بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کی جانب سے طلبہ وطالبات کیلئے اسکالرشپ پروگرامز اور اقدامات تسلی بخش ہیں، سابق وزیر اعلیٰ

اسکالرشپ کے تحت کیڈٹ کالجز میں تعلیم حاصل کرنے والے باصلاحیت طلبہ کی معاونت کی جاتی ہے، حکام کی جانب سے بریفنگ

کوئٹہ (خ ن) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہیں ادارے کی مجموعی کارکردگی، جاری تعلیمی اقدامات اور مختلف اسکالرشپ اسکیمز کے حوالے سے تفصیلی آگاہی دی گئی۔ اس موقع پر بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر خالدہ مانڈائی نے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کا استقبال کیا اور انہیں .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

ادارے کے مختلف امور، اسکالرشپ پروگرامز اور طلبہ وطالبات کی تعلیمی معاونت کے لیے جاری اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہیں بتایا گیا کہ بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ صوبے کے باصلاحیت، مستحق اور میرٹ پر پورا اترنے والے طلبہ وطالبات کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لیے مختلف اسکالرشپ پروگرامز پر عملدرآمد کر رہا ہے۔ ان پروگرامز کا مقصد مالی معاونت کے ذریعے طلبہ وطالبات کے تعلیمی سفر کو جاری رکھنے اور اعلیٰ تعلیم کے حصول کے مواقع کو بہتر بنانا ہے اس موقع پر ادارے کی مختلف اسکالرشپ اسکیمز اور ان کے دائرہ کار کے حوالے سے بھی تفصیلی طور پر آگاہ کیا گیا اور بتایا گیا کہ مکمل مالی معاونت پر مبنی شی ناپ اسکالرشپ کے تحت ہر ضلع کی سطح پر نمایاں تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ کو مکمل مالی معاونت فراہم کی جاتی ہے، تاکہ وہ اپنی تعلیم کو مزید آگے بڑھا سکیں۔ ٹرانس جینڈر اسکالرشپ کے ذریعے ٹرانس جینڈر طلبہ کو تعلیمی مواقع فراہم کرنے اور ان کی تعلیمی ضروریات میں معاونت کے لیے وظائف دیے جاتے ہیں

عوام کی حالت ناقابل بیان، پشتون اذیت سے دوچار ہیں، نواب ایاز جوگیزئی

اگر ہم نے اتحاد واتفاق اور متحد ہو کر اپنے وطن اور قوم کے مستقبل کی حفاظت نہ کی تو تاریخ ہمیں کبھی معاف نہیں کرے گی، مرکزی رہنما

ہماری تشکیل کردہ ورکنگ کمیٹیاں رنجشوں، قبائلی مسائل حل اور ہر شعبہ زندگی میں خدمات انجام دینے میں کردار ادا کریں گی

بارڈر ٹریڈ بند حکومتی اقدامات لاکھوں پشتونوں کے معاشی قتل اور بدامنی کو فروغ دینے کے مترادف ہیں، چمن میں مشاورتی جرگہ سے خطاب

چمن (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب ایاز خان جوگیزئی کی زیر صدارت پشتون قومی جرگہ جنوبی پشتونخوا کے اعلامیہ کی روشنی میں ضلع چمن کا مشاورتی جرگہ چمن کے مقامی ہوٹل میں منعقد ہوا۔ جرگہ کے سٹیج سیکرٹری کے فرائض پشتونخوامیپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے سرانجام دیے جبکہ تلاوت کلام پاک کی سعادت مولوی شراف الدین نے حاصل کی۔ جرگہ .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

سے پشتونخوامیپ کے مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی اور حاجی خدائے میر آغا نے بھی خطاب کیا۔ صدر مجلس نواب ایاز خان جوگیزئی نے مشاورتی جرگہ سے اختتامی خطاب میں پشتونخوا وطن میں درپیش صورتحال، سخت ترین بدامنی، تمام قومی اور صوبائی شاہراہوں کا سفر کے لیے غیر محفوظ ہونے، پشتونخوا وطن کے قومی معدنی، آبی اور جنگلی وسائل کو قبضہ کرنے کیلئے لوگوں کو اپنے آبائی وطنوں سے ہجرت کرنے پر مجبور کرنے کی جاری پالیسی، پشتونوں کی معاشی قتل عام، تجارت، کاروبار، روزگار سے محروم رکھنے، مسافری، مزدوری پر مجبور کرنے کی رواں صورتحال پر تفصیلی روشنی ڈالی جرگہ کے شرکاء نے کمیٹی کے انتخاب کیلئے ناموں کی تجاویز پیش کیں جس کا اجلاس ہوا اور ورکنگ کمیٹی کے سربراہ وایگزیکٹیوز کے انتخاب کیلئے نواب ایاز خان جوگیزئی کو مکمل اختیار دیا گیا اور دعائے خیر کی گئی نواب ایاز خان جوگیزئی نے جرگہ شرکاء، وکیٹی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام پشتونخوا وطن اور ملک میں پشتون عوام کی حالت زار ہمارے سامنے ہیں، پشتون جس اذیت سے دوچار ہیں

کارکن 7 اکتوبر ژوب وشیرانی کے زیر اہتمام جلسہ کامیاب بنائیں، پشتونخوامیپ

مختلف کمیٹیاں بنا کر ساتھیوں کو ذمہ داریاں سونپ دی گئیں، عبدالرحیم زیارتوال

ژوب (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ژوب کی ضلع کمیٹی کا اجلاس پشتونخوامیپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز نوابزادہ دارا خان جوگیزئی نظام عسکر نعمت خان کاکڑ جمال محمد مندوخیل اور کثیر تعداد میں ضلعی کمیٹی ممبران نے شرکت کی جس میں سیاسی اور تنظیمی امور پر سیر حاصل بحث ہوئی اور 7 اکتوبر ژوب اور شیرانی کے زیر اہتمام شہداء جمہوریت اور شہداء وطن کی یاد میں منعقد ہونے والے مرکزی جلسہ عام کی تیاری اور کامیابی کے لئے مختلف .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

کمیٹیاں بنا کر ساتھیوں کو ذمہ داریاں سونپ دی گئیں جلسہ عام سے پارٹی چیئرمین محترم محمود خان اچکزئی شہداء کی قربانیوں اور ملکی وبین الاقوامی صورتحال پر خصوصی خطاب فرمائیں گے صدارتی خطاب میں عبدالرحیم زیارتوال نے پارٹی کارکنوں کو ہدایت کرتے ہوئے جلسے کی کامیابی کیلئے اپنی ذمہ داریوں کو بھرپور انداز میں پورا کریں گے اور ایسی صورتحال میں تمام اولس کو اپنی بقاء اپنے وطن اور عوام کے تحفظ اور ترقی کے لیے متحد کرنے اور ساتھ ساتھ اولسی جرگے میں تمام اولس کی شرکت کو یقینی بنانے کیلئے تمام جرگہ ممبران تک رسائی کو ممکن بنائیں آخر میں تمام سیاسی قبائلی عمائدین اور تمام جمہوری وترقی عوام سے اس تاریخی جلسہ عام میں خصوصی شرکت کی اپیل کی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 23 SEP 2026

Page No. 16

پائیدار امن کا قیام یکطرفہ انتظامی فیصلوں سے ممکن نہیں، مولانا قادر لونی

پارود، شور اور گزگ کے کیمپوں کو 28 ستمبر تک انخلاء کی ہدایت حکومت کا غیر دانشمندانہ اقدام ہے، محمود الحسن قاسمی

حکومت بیدخلی کی بجائے ان علاقوں میں پائیدار اور مستقل امن کی بحالی پر اعتماد سازی کی حکمت عملی اپنائے، دیگر رہنما

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماءاسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مرکزیہ مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ ڈپٹی سیکرٹری مفتی فدا الرحمن، مولانا شاہ محمد، مولانا حافظ عبدالاحد کہدانی، میر مبارک محمد حسنی، مولانا شاہ محمد، مولانا عبدالغفور کرخی، مفتی عبدالسلام نے پارود، شور اور گزگ ....

بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

کے کیمپوں کو 28 ستمبر 2026 تک علاقہ انخلا کی ہدایت پر شدید تشویش، غم و غصے اور تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اس کا حکومت غیر دانشمندانہ اقدام قرار دیتے ہوئے کہا عوام کو جبری نقل مکانی پر مجبور کرنا مسئلے کا حل نہیں ہے۔ حکومت کی جابرانہ اقدامات سے مزید بد اعتمادی اور نفرتوں کو جنم لیتا ہے انخلا سے لوگوں کی زمینیں، مال مویشی اور کاروبار تباہ ہو جاتے ہیں، انہوں نے کہا کہ مقامی لوگوں کو امن، سکون اور جان و مال کو تحفظ فراہم کرنا ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔ عوام کو تحفظ دینے کے بجائے انہیں بے دخل کرنا حکومت کی انتظامی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 23 SEP 2026 Page No. 17

نوشکی: پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور 2 پولیس اہلکار دہشتگردوں کی فائرنگ سے شہید

وزیراعلیٰ کا نوٹس

کلی جمال آباد میں موٹر سائیکل سوار حملہ آوروں نے نشانہ بنایا، ملزمان اسلحہ لے کر فرار، محمد یاسر پرکانی اور عبدالرؤف مینگل کی نماز جنازہ ادا

پولیس اہلکاروں نے فرائض کی بجاآوری کے دوران جان کا نذرانہ پیش کیا، وزیراعلیٰ، وزیر داخلہ، وزیر خوراک، معاون خصوصی داخلہ اور اطلاعات کی مذمت

نوشکی (سعید بلوچ/نمائندہ جنگ) نوشکی کے علاقے کلی جمال آباد میں پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکاروں پر دہشتگردوں کی فائرنگ سے دو پولیس اہلکار شہید ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق نوشکی میں پولیو مہم کے دوسرے روز کلی جمال آباد میں پولیو ٹیم میں ورکرز بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا رہی تھیں کہ موٹر سائیکل پر سوار نامعلوم مسلح افراد نے پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں پولیس اہلکار محمد یاسر پرکانی اور عبدالرؤف مینگل نے زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر جام شہادت نوش کی۔ نامعلوم افراد پولیس اہلکاروں کا اسلحہ بھی اپنے ہمراہ لے گئے۔ پولیس اہلکاروں کی نعشیں میر گل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئیں۔ محمد یاسر پرکانی کو بازار قبرستان اور عبدالرؤف مینگل کو آبائی قبرستان [illegible] میں ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ دونوں پولیس اہلکاروں کی میتوں کو سلامی دی گئی۔ جنازہ میں پولیس افسران اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نوشکی کے علاقے کلی جمال آباد میں انسداد پولیو ٹیم کی سیکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں دو پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ داخلہ بلوچستان سے رپورٹ طلب کرلی ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انسداد پولیو ٹیموں کی سیکیورٹی پر مامور اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت واقعہ ہے۔ شہید پولیس اہلکاروں نے اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے ہوئے جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پولیس اہلکاروں نے فرائض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، جس پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ واقعے کے محرکات اور اس میں ملوث عناصر کا تعین کرنے کے لیے پولیس کی جانب سے تحقیقات جاری ہیں۔ متعلقہ ادارے واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے رہے ہیں اور تحقیقات کی روشنی میں مزید حقائق سامنے آئیں گے۔ وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے آئی جی پولیس اور ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ سے نوشکی واقعے کی رپورٹ طلب کرلی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکاروں کی شہادت پر دلی دکھ اور افسوس ہے، حکومت شہید اہلکاروں کے اہلخانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ صوبائی وزیر خوراک بلوچستان حاجی نور محمد خان دمڑ نے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پولیو ورکرز اور ان کی حفاظت پر مامور سیکیورٹی جوان ہمارے بچوں کے محفوظ اور صحت مند مستقبل کے لیے اپنی جانوں پر کھیل کر فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

ساران تنگی میں آپریشن شعبان II، چھ دہشتگرد ہلاک، 9 گرفتار

فورسز کی کامیابی

فائرنگ کا سلسلہ کئی گھنٹے جاری رہا، بھاری تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد، قیام امن کیلئے فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی، بابر یوسفزئی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سکیورٹی فورسز کو ساران تنگی میں آپریشن شعبان 2 کے تحت فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائی، فائرنگ کے تبادلے میں 6 دہشت گرد ہلاک جبکہ 9 مشتبہ افراد کو گرفتار کر کے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کر لیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا ہے کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل قدر ہیں۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز نے آپریشن شعبان 2 کے تحت ساران تنگی میں کارروائی کی۔ اس دوران فائرنگ کا تبادلہ ہوا، فائرنگ کئی گھنٹے تک جاری رہی۔ سیکورٹی فورسز نے کارروائی کے دوران 6 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ 9 مشتبہ افراد کو گرفتار کر کے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کر لیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کے خاتمے اور صوبے میں امن کے قیام کے لیے سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کے ذریعے دہشتگرد عناصر کے خلاف اہم کامیابی حاصل کی ہے۔ اس جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل قدر ہیں اور ریاستی ادارے ملک و قوم کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دے رہے ہیں۔ معاون برائے داخلہ بابر یوسفزئی نے بھی دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 23 SEP 2026 Page No. 18

[illegible] کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 2 نوجوان ہلاک

[illegible]

خضدار، [illegible] تھانے پر مسلح افراد کا حملہ، ایس ایچ او زخمی

[illegible]

[illegible]، پولیس انسپکٹر اغوا

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 23 SEP 2026 Page No. 18

صوبائی دارالحکومت میں گیس کے میٹر چوری ہونے لگے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں گیس کے میٹر چوری ہونے لگے تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کے گیس کے میٹر چوری ہونے لگے۔ محمد اقبال نامی شخص نے بتایا کہ اس کے گھر میں نصب گیس کا میٹر نامعلوم افراد نے چوری کر لیا گیس کمپنی والے یہ کہتے ہیں کہ آپ خود تلاش کریں۔

MASHRIQ QUETTA

خضدار، ترقی کے دعوے، روزگار کیلئے نوجوان بدستور پریشان

بے روزگاری اور مہنگائی نے غریب طبقے کی مشکلات بڑھا دیں، دیہاڑی دار مزدور بمشکل گھروں کا چولہا جلانے پر مجبور ہیں

سڑکوں نالیوں کے منصوبوں سے عام آدمی کی حالت نہیں بدلتی، روزگار کو ترقیاتی ترجیحات میں شامل کیا جائے، عوامی حلقے

تعلیم یافتہ نوجوان ڈگریاں تھامے روزگار کی تلاش میں مارے مارے پھر رہے، عوام نے معاشی مواقع پیدا کرنے کا مطالبہ کر دیا

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار شہر مسائل کا گڑھ بن چکا ہے جہاں بڑھتی ہوئی بیروزگاری نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے شہر میں بے روزگاری خطرناک حد تک بڑھ چکی ہے روزانہ اجرت اور دیہاڑی پر کام کرنے والے مزدور بمشکل اپنے گھروں کے چولہے جلا پا رہے ہیں مصنوعی مہنگائی اور معاشی بدحالی نے غریب طبقے سے جینے کا حق بھی چھین لیا ہے ایک طرف پیٹ کی آگ بجھانے کے لیے روزگار نہیں تو دوسری طرف شہر میں دنیا کی جدید بنیادی سہولیات بھی ناپید ہوتی جا رہی ہیں ستم ظریفی یہ ہے کہ یہاں کے منتخب نمائندے زمینی حقائق سے مکمل طور پر لاتعلق اور خواب خرگوش کے مزے میں ہیں عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ خضدار کے عوام آج بھی بنیادی سہولیات سے یکسر محروم ہیں اور انہیں ہر وقت خالی سیاسی نعروں اور کھوکھلے وعدوں سے بہلایا جا رہا ہے عوام کی سب سے پہلی اور بنیادی ضرورت روزگار ہے اگر روزگار ملے تو خوشحالی خود بخود آئے گی لیکن یہاں ترجیحات بالکل الٹ ہیں سڑکیں نالیاں سے علاقے میں خوشحالی نہیں آتی ان منصوبوں سے صرف ٹھیکیداروں اور چند منتخب نمائندوں کے گھروں میں خوشحالی آتی ہے کیونکہ ان میں کمیشن اور پرسنٹ کلچر عام ہو چکا ہے عوام میں سخت تشویش پائی جاتی ہے کہ خضدار کے تعلیم یافتہ نوجوان ڈگریاں ہاتھ میں لیے در بدر پھر رہے ہیں عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ نمائشی ترقیاتی منصوبوں کے بجائے سب سے پہلے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ وہ باعزت زندگی گزار سکے اگر بروقت عملی اقدامات نہ کیے گئے تو خضدار میں غربت بے چینی میں مزید اضافہ ہوگے۔

خضدار، کا نک میں چوری و ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ، شہری عدم تحفظ کا شکار

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدا کا نک میں چوری وڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ جس کے باعث شہری عدم تحفظ کا شکار ہو گئے ہیں کا نک خضدار کے علاقے میں چوری واردات پیش آئی جہاں مسلح ڈاکوؤں نے بندوق کے نوک پر ایک شہری کو روک لیا اور ان سے نئی موٹر سائیکل قیمتی موبائل فون اور نقدی چھین کر فرار ہو گئے ہیں مگر انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے عوامی حلقوں نے ڈی آئی جی خضدار رینج، اور ایس ایس پی خضدار سے مطالبہ کیا ہے کہ خضدار شہر میں بڑھتی ہوئی بدامنی پر فوری قابو پایا جائے گشت کے نظام کو موثر بنایا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Time Quetta
Bullet No. 6
Dated: 23 SEP 2026 Page No. 20

Healthcare crisis

The lack of proper healthcare facilities in remote and far-flung areas of Balochistan remains a serious public concern. Despite repeated announcements and development initiatives, people living in distant districts continue to face difficulties in accessing basic medical treatment. For many residents, even minor illnesses can become a major challenge because hospitals often lack essential medicines, diagnostic equipment, specialist doctors, surgeons and other necessary facilities.

Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has said that providing better healthcare facilities to people living in far-flung areas is among the government's top priorities. In a statement on social media platform X, he said more than 100 major surgeries had successfully been performed at the Mir Ghulam Qadir Bugti Memorial Hospital in the remote area of Baiker for the first time in Balochistan's history. The development is certainly encouraging and demonstrates that quality medical treatment can be provided in remote areas when hospitals are properly equipped and supported.

However, one successful example should become a model for improving healthcare services across the province. A large number of hospitals in remote districts continue to face shortages of qualified surgeons, physicians, anaesthetists, nurses, medicines, ambulances and modern diagnostic equipment. As a result, patients requiring even relatively routine procedures are frequently referred to Quetta.

The government needs to conduct a comprehensive assessment of all public hospitals and basic health units across Balochistan. Each hospital should be inspected to determine whether it has the equipment, medicines, staff and infrastructure required according to its designated level of healthcare.

Specialist services should also be extended to remote areas through regular rotations, telemedicine and visiting specialist programmes. Modern diagnostic facilities, operation theatres, blood banks and emergency services should be established where necessary. Equally important is the availability of ambulances and trained emergency personnel to transport critically ill patients safely when referrals are unavoidable.

The successful surgeries at Mir Ghulam Qadir Bugti Memorial Hospital should therefore be viewed as an opportunity to strengthen the entire healthcare network of Balochistan.

People living in remote areas have the same right to quality healthcare as those in Quetta. A comprehensive and sustained healthcare strategy is essential to reduce unnecessary referrals, save lives and provide the people of Balochistan with accessible and dignified medical care.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 23 SEP 2026 Page No. 2 /

بلوچستان کا تعلیم یافتہ نوجوان مایوسی کا شکار

التجا
وارث دیناری
waris-dinari@yahoo.com
mw545287@gmail.com

پاکستان کا سب سے بڑا اثاثہ اس کے تعلیم یافتہ نوجوان ہیں۔ یہی نوجوان سنہرے مستقبل کی خاطر دن رات سر توڑ محنت کر کے تعلیمی میدان میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد عملی زندگی میں روزگار کی تلاش میں نکلتے ہیں۔ پھر جب وہ میرٹ کا قتل عام، اقربا پروری، رشوت اور سفارشی کلچر دیکھتے ہیں تو ان کے خواب چکنا چور ہو جاتے ہیں۔

بدقسمتی سے آج یہی اثاثہ مایوسی کی دلدل میں دھنس رہا ہے۔ ملک کی نامور یونیورسٹیوں سے ڈگریاں ہاتھوں میں تھامے لاکھوں نوجوان نوکری کی تلاش میں در در کی خاک چھان رہے ہیں۔ دوسری طرف سرکاری محکموں کا یہ حال ہے کہ ہزاروں ملازمین ایسے ہیں جو یا تو گھر بیٹھے مفت کی تنخواہیں بٹور رہے ہیں یا سفارشی بنیادوں پر، بغیر کسی کارکردگی کے، قومی خزانے پر بوجھ بنے ہوئے ہیں۔

یوں تو پورے ملک میں یہی صورت حال ہے، لیکن دیگر صوبوں میں کسی حد تک کچھ شعبے میں۔ آسامیاں دستیاب ہو جاتی ہیں۔ میرے بلوچستان میں اس طرح کے مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں۔

ستم ظریفی دیکھیے کہ حکومت کا کہنا ہے کہ وسائل نہیں ہیں اور ملازمتوں کے لیے مزید آسامیاں پیدا کرنا ممکن نہیں رہا، لیکن پھر مختلف اداروں میں ہزاروں کی تعداد میں گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کرنے والے افراد کے بارے میں کیوں چشم پوشی کی جا رہی ہے؟

ایک تعلیم یافتہ بے روزگار نوجوان جب دیکھتا ہے کہ ایک طرف ہمارے لیے روزگار کے دروازے بند ہیں، تو دوسری جانب گھر بیٹھے تنخواہیں اور مراعات لینے والے افراد کس طرح پر آسائش زندگی گزار رہے ہیں، اپنی مرضی سے کاروبار اور دیگر معاملات میں مصروف ہیں، تو یقیناً اس کا دل دکھتا ہے اور وہ اس نظام سے نفرت کرنے لگتا ہے۔

آج سے تقریباً ایک عشرہ قبل ایک ویڈیو وائرل ہوئی تھی، جس میں ایک جج کسی ہسپتال کا معائنہ کرتے ہوئے ناقص صفائی پر برہمی کا اظہار کرتا ہے۔ پوچھتا ہے صفائی کرنے والا عملہ کہاں ہے اسی دوران وہاں موقع پر کھڑے ایک شخص کو دیکھتا ہے جس کے گلے میں خاکروب کا کارڈ لٹک رہا تھا، لیکن موصوف شکل و صورت اور لباس سے ایک کھاتے پیتے گھرانے کا فرد لگ رہا تھا۔ جج نے حکم دیتا ہے آپ کے بچوں کی روٹی روزی یہی ہے، کام شروع کریں۔ جس پر اس شخص نے کدال پکڑی اور بند گٹر کھولنے لگا۔ بعد میں معلوم ہوا کہ وہ حلقے کے ایم این اے کا قریبی رشتہ دار اور زرعی زمینوں کا مالک بھی تھا۔

یہ ویڈیو اس قدر وائرل ہوئی کہ ملک بھر سے آنے والے کمنٹس میں زیادہ تر یہی لکھا گیا کہ کاش اس طرح کا ایکشن تمام سرکاری محکموں میں اور ہر جگہ ہوتا تو بات بنتی میں نے تو آٹھ، دس سال پرانی ویڈیو کا ذکر کیا ہے، آج کل تو آئے روز اس طرح کی ویڈیوز دیکھی جا سکتی ہیں۔ ظلم کی انتہا تو یہ جب ایک خوشحال فرد دو تین اسکیل میں بھرتی ہونا چاہیے اس سے بڑا المیہ اور کیا ہو سکتا ہے

بلوچستان میں گڈ گورننس، بہتر طرز حکمرانی اور میرٹ کا بڑا واویلا کیا جا رہا ہے۔ دعوے کیے جا رہے ہیں کہ اب نوکریاں صرف اور صرف حقداروں کو مل رہی ہیں، لیکن حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے۔ چوری چھپے من پسند افراد کو مختلف محکموں میں پچھلے دروازے سے بھرتی کر دیا جاتا ہے اور مہینوں تک کسی کو کانوں کان خبر نہیں ہونے دی جاتی۔

یہ کیسا میرٹ ہے؟ یہ کیسی گڈ گورننس ہے؟

وقت کا تقاضا ہے کہ اب الفاظ کے گورکھ دھندوں سے نکل کر عملی اقدامات کیے جائیں، ورنہ مایوسی کا یہ لاوا کسی بڑے طوفان کا پیش خیمہ بھی بن سکتا ہے۔

شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے تمام اداروں میں حاضری کے لئے بائیو میٹرک سسٹم رائج کرنے کے ساتھ ملک کے ہر سرکاری دفتر کے باہر یا ہال میں ایک بڑا ڈسپلے بورڈ آویزاں کیا جائے، جس پر وہاں تعینات تمام ملازمین کے نام، ان کی حالیہ تصاویر اور عہدے واضح طور پر درج ہوں۔

اس ایک اقدام سے نظام میں درج ذیل مثبت تبدیلیاں آسکتی ہیں:

جب دفتر آنے والے عام شہریوں اور سائلین کو معلوم ہوگا کہ اس شعبے میں کتنے ملازمین اور کہاں کہاں تعینات ہیں، تو کوئی بھی افسر یا اہلکار ڈیوٹی سے غائب رہنے کی جرأت نہیں کر سکے گا۔

گھوسٹ ملازمین کی فوری شناخت: اگر کسی ملازم کی تصویر اور نام بورڈ پر موجود ہو، لیکن وہ مہینوں دفتر نہ آئے، تو عوام اور میڈیا فوراً اس کی نشاندہی کر سکتے ہیں۔

سفارش کلچر کا خاتمہ: یہ بورڈز اس بات کا ثبوت ہوں گے کہ کس عہدے پر کون سا شخص کام کر رہا ہے، جس سے بیک ڈور انٹریز اور فرضی بھرتیوں کی حوصلہ شکنی ہوگی۔

یہ ایک ایسا کم خرچ اور سہل طریقہ ہے، جس پر عمل درآمد کے لیے حکومت کو کسی بیرونی قرضے یا بھاری بجٹ کی ضرورت نہیں، بلکہ صرف ایک سیاسی عزم اور انتظامی حکم نامے کی ضرورت ہے۔

وزیراعظم اور تمام وزرائے اعلیٰ کو چاہیے کہ گھر بیٹھے تنخواہیں بٹورنے والے قومی خزانے پر بوجھ بنے افراد کے خلاف کارروائی کی جائے، حاضری کو یقینی بنانے کے لیے ہر دفتر میں ملازمین کی تصاویر والے بورڈز لازمی آویزاں کیے جائیں، اور ان خالی ہونے والی جگہوں پر ملک کے باصلاحیت، ڈگری ہولڈر بے روزگار نوجوانوں کو موقع دیا جائے۔

اب وقت آ گیا ہے کہ مراعات یافتہ طبقے کی عیاشیوں کو ختم کر کے میرٹ اور انصاف کا بول بالا کیا جائے۔

جب باثر یا غیر حاضر ملازمین کی تصاویر اور عہدے عوام کے سامنے بورڈ پر آ جائیں گے تو ان پر شدید اخلاقی اور سماجی دباؤ بڑھے گا۔ معاشرے میں رسوائی کے خوف سے ایسے لوگ یا تو باقاعدگی سے ڈیوٹی کرنے پر مجبور ہوں گے یا پھر ملازمت چھوڑنے پر مجبور ہو جائیں گے، جس سے اصل حقداروں کے لیے راستے کھلیں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No.______ Dated: 23 SEP 2026 Page No.______

بااختیار خواتین، روشن مستقبل

کسی بھی معاشرے کی حقیقی ترقی کا اندازہ صرف سڑکوں، عمارتوں اور بڑے ترقیاتی منصوبوں سے نہیں لگایا جاسکتا بلکہ یہ دیکھا جاتا ہے کہ وہاں معاشرے کے ہر طبقے، خصوصاً خواتین کو آگے بڑھنے، تعلیم حاصل کرنے، اپنے مسائل بیان کرنے اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے کتنے مواقع حاصل ہیں ایک عورت کی تعلیم،

تحریر: محمد فاروق

تربیت اور معاشی خودمختاری دراصل ایک پورے خاندان کی مضبوطی کا ذریعہ بنتی ہے اور یہی مضبوط خاندان آگے چل کر ایک مستحکم، تعلیم یافتہ اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد بنتے ہیں اسی تناظر میں سبی ڈویژن میں خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے مختلف سطحوں پر سامنے آنے والے اقدامات امید افزاء مستقبل کی نشاندہی کرتے ہیں۔ سبی جیسے تاریخی اور وسیع ڈویژن میں خواتین کے لیے مواقع پیدا کرنا اس لیے بھی اہم ہے کہ یہاں بڑی تعداد میں ایسی باصلاحیت خواتین موجود ہیں جو مناسب رہنمائی، تعلیم، فنی تربیت اور پلیٹ فارم ملنے کی صورت میں نہ صرف اپنے خاندانوں بلکہ معاشرے اور معیشت میں بھی مؤثر کردار ادا کرسکتی ہیں ضرورت صرف اس امر کی ہے کہ ان کی صلاحیتوں کو پہچانا جائے اور انہیں آگے بڑھنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جائے۔ اسی سوچ کے تحت سبی ڈویژن میں قائم کیا گیا "بااختیار وومن سینٹر" ایک قابل ذکر اقدام ہے۔ کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض کی ذاتی دلچسپی اور اپنی مدد آپ کے تحت ڈویژنل پبلک اسکول سبی میں قائم کیے گئے اس مرکز میں خواتین کے لیے جدید کمپیوٹر لیب سمیت ضروری سہولیات فراہم کی گئی ہیں تقریباً 15 کمپیوٹرز، لیپ ٹاپس، ڈیسک ٹاپ کمپیوٹرز، فرنیچر اور دیگر سہولیات کی فراہمی کا مقصد خواتین کو جدید دور کی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ مرکز میں انسٹرکٹرز کی تربیت کے بعد خواتین کو مختلف شعبوں میں مفت تربیت فراہم کرنے کا سلسلہ بھی جاری ہے یہ بات قابلِ غور ہے کہ آج کی دنیا میں صرف روایتی تعلیم کافی نہیں رہی ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، کمپیوٹر، آن لائن کام، فری لانسنگ، ڈیجیٹل مارکیٹنگ، گرافک ڈیزائننگ اور دیگر جدید مہارتیں روزگار کے نئے دروازے کھول رہی ہیں۔ خاص طور پر خواتین کے لیے یہ مہارتیں اس لحاظ سے اہم ہیں کہ وہ اپنی گھریلو ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ گھر بیٹھے بھی آمدن کے ذرائع پیدا کرسکتی ہیں اس طرح ہنر محض ایک سرٹیفکیٹ تک محدود نہیں رہتا بلکہ معاشی خودمختاری کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ یوم آزادی کے موقع پر بااختیار وومن سینٹر کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے کے لیے کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض اور YMSESDO پاکستان کے چیئرمین محمد منیر ابڑو کے درمیان ایک سالہ مفاہمتی یادداشت پر دستخط بھی کیے گئے اس تعاون کے تحت مرکز میں مزید جدید کمپیوٹرز اور ضروری سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ خواتین کے لیے مختلف لرننگ اور اسکل ڈویلپمنٹ کورسز شروع کرنے کی کوشش کی جائے گی تربیت حاصل کرنے والی خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنانے کے لیے بلا سود قرضوں کے مواقع کی فراہمی کی کوشش بھی اس پروگرام کو محض تربیتی منصوبے کے بجائے معاشی خودمختاری کی جانب ایک قدم بناتی ہے تاہم خواتین کو بااختیار بنانے کا تصور صرف تعلیم اور روزگار تک محدود نہیں۔ کسی بھی معاشرے میں خواتین کے مسائل کو سننا، انہیں فیصلہ سازی کے عمل میں جگہ دینا اور سرکاری اداروں تک ان کی براہ راست رسائی یقینی بنانا بھی اتنا ہی ضروری ہے اسی سلسلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکریٹری بلوچستان کی ہدایات پر سرکٹ ہاؤس سبی میں ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیر صدارت خواتین کے لیے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد ایک اہم قدم ہے اس کھلی کچہری میں خواتین کو یہ موقع ملا کہ وہ اپنے مسائل براہ راست ضلعی انتظامیہ کے سامنے پیش کریں، اپنی درخواستیں جمع کرائیں اور مختلف سرکاری محکموں سے متعلق مشکلات کے بارے میں بات کریں ایس ایس پی بی عبدالحمید، اسسٹنٹ کمشنر بی عمران مندوخیل، مختلف محکموں کے افسران اور خواتین کی بڑی تعداد کی شرکت نے اس عمل کو مزید مؤثر بنایا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعدد قابلِ حل مسائل موقع پر ہی نمٹانے کی ہدایات دیں، جبکہ مستقبل میں بھی ایسی کھلی کچہریوں کے انعقاد کا عندیہ دیا گیا۔ خواتین کے لیے ایسی کھلی کچہریاں اس لحاظ سے اہم ہیں کہ بعض اوقات خواتین اپنے مسائل متعلقہ اداروں تک پہنچانے میں مختلف سماجی، جغرافیائی یا انتظامی رکاوٹوں کا سامنا کرتی ہیں۔ جب ضلعی انتظامیہ خود ان کے درمیان پہنچ کر ان کی بات سنتی ہے تو انتظامیہ اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ مضبوط ہوتا ہے۔ اس عمل سے نہ صرف شکایات کے ازالے میں مدد ملتی ہے بلکہ حکام کو زمینی حقائق اور ان مسائل کا براہ راست ادراک بھی ہوتا ہے جو عام سرکاری رپورٹس میں پوری طرح سامنے نہیں آ پاتے۔ خواتین کے حقوق کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر سبی کا یہ مؤقف بھی اہم ہے کہ خواتین کے مسائل کو نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے اور ان کے جائز حقوق اور ضروریات کو ترجیح دی جانی چاہیے۔ کسی بھی ترقیاتی پالیسی کا اصل مقصد اس وقت پورا ہوتا ہے جب اس کے ثمرات معاشرے کے تمام طبقات تک پہنچیں۔ تعلیم، صحت، صاف پانی، روزگار اور تحفظ جیسے بنیادی معاملات میں خواتین کی ضروریات کو سامنے رکھنا اسی جامع ترقی کا حصہ ہے۔ سبی ڈویژن میں بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے تحت تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کے منصوبوں پر کام بھی اسی وسیع تر ترقیاتی سوچ کا حصہ ہے۔ اگر ان منصوبوں کے ساتھ خواتین کی تعلیم، فنی تربیت اور معاشی سرگرمیوں کے مواقع کو بھی مسلسل وسعت دی جائے تو اس کے اثرات آنے والے برسوں میں پورے معاشرے پر مرتب ہو سکتے ہیں اصل کامیابی اس وقت حاصل ہوگی جب بااختیار وومن سینٹر جیسے منصوبے سبی شہر تک محدود نہ رہیں بلکہ ڈویژن کے دیگر علاقوں، تحصیلوں اور دور دراز آبادیوں تک بھی ان کا دائرہ پھیلایا جائے۔ خواتین کے لیے موبائل تربیتی پروگرام، مقامی سطح پر ہنر سکھانے کے مراکز، ڈیجیٹل لٹریسی پروگرام، آن لائن روزگار سے متعلق رہنمائی اور چھوٹے کاروبار کے لیے آسان مالی سہولیات فراہم کی جائیں تو ان اقدامات کے نتائج مزید وسیع ہو سکتے ہیں اس کے ساتھ نجی شعبے، تعلیمی ادارے، فلاحی تنظیمیں اور مقامی کاروباری طبقہ بھی اپنا کردار ادا کرے تو خواتین کے لیے روزگار اور کاروبار کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں یہ حقیقت بھی پیش نظر رہنی چاہیے کہ خواتین کو بااختیار بنانے کا مطلب انہیں معاشرے سے الگ کرنا نہیں بلکہ انہیں معاشرے کی تعمیر میں برابر کا شریک بنانا ہے ایک تعلیم یافتہ اور ہنرمند خاتون اپنے بچوں کی بہتر تعلیم، صحت اور تربیت میں کردار ادا کرتی ہے، گھر کے معاشی فیصلوں میں حصہ لیتی ہے اور ضرورت پڑنے پر خاندان کا سہارا بھی بنتی ہے یوں ایک خاتون کی ترقی کا اثر ایک فرد تک محدود نہیں رہتا بلکہ اس کے خاندان اور آنے والی نسلوں تک پہنچتا ہے سبی ڈویژن کی خواتین میں صلاحیت، محنت اور آگے بڑھنے کا جذبہ موجود ہے انہیں صرف ایسے مواقع اور پلیٹ فارم درکار ہیں جہاں وہ اپنی صلاحیتوں کو عملی شکل دے سکیں بااختیار وومن سینٹر، خواتین کے لیے خصوصی کھلی کچہری اور بنیادی سہولیات کی فراہمی جیسے اقدامات اسی سمت میں مختلف پہلوؤں کو جوڑتے ہیں ایک طرف خواتین کو ہنر اور جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کیا جا رہا ہے تو دوسری جانب انہیں اپنے مسائل براہ راست انتظامیہ کے سامنے رکھنے کا موقع دیا جا رہا ہے۔ ایک روشن مستقبل کی بنیاد آج کے فیصلوں سے رکھی جاتی ہے اگر آج سبی کی بیٹی کو تعلیم، ہنر، اعتماد اور معاشی مواقع فراہم کیے جائیں تو کل وہ اپنے خاندان کی مضبوطی کے ساتھ ساتھ پورے ڈویژن کی ترقی میں اپنا حصہ ڈال سکتی ہے یہی وہ سوچ ہے جو ترقی کو محض اعداد و شمار سے نکال کر انسانی زندگی میں بہتری سے جوڑتی ہے ایک بااختیار عورت صرف اپنا مستقبل نہیں سنوارتی، وہ ایک خاندان کو مضبوط، ایک نسل کو تعلیم یافتہ اور ایک معاشرے کو زیادہ باصلاحیت بناتی ہے سبی ڈویژن میں خواتین کے لیے مواقع پیدا کرنے کی یہ کوششیں اسی روشن مستقبل کی طرف ایک اہم قدم ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta

Bullet No.______

Dated: 23 SEP 2026 Page No.

بااختیار خواتین، روشن مستقبل

تحریر: محمد فاروق

کسی بھی معاشرے کی حقیقی ترقی کا اندازہ صرف سڑکوں، عمارتوں اور بڑے ترقیاتی منصوبوں سے نہیں لگایا جا سکتا بلکہ یہ دیکھا جاتا ہے کہ وہاں معاشرے کے ہر طبقے، خصوصاً خواتین کو آگے بڑھنے، تعلیم حاصل کرنے، اپنے مسائل بیان کرنے اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے کتنے مواقع حاصل ہیں۔ ایک عورت کی تعلیم، تربیت اور معاشی خودمختاری دراصل ایک پورے خاندان کی مضبوطی کا ذریعہ بنتی ہے اور یہی مضبوط خاندان آگے چل کر ایک مستحکم، تعلیم یافتہ اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد بنتے ہیں۔ اسی تناظر میں سبی ڈویژن میں خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے مختلف سطحوں پر سامنے آنے والے اقدامات امید افزا مستقبل کی نشاندہی کرتے ہیں۔ سبی جیسے تاریخی اور وسیع ڈویژن میں خواتین کے لیے مواقع پیدا کرنا اس لیے بھی اہم ہے کہ یہاں بڑی تعداد میں ایسی باصلاحیت خواتین موجود ہیں جو مناسب رہنمائی، تعلیم، فنی تربیت اور پلیٹ فارم ملنے کی صورت میں نہ صرف اپنے خاندانوں بلکہ معاشرے اور معیشت میں بھی موثر کردار ادا کر سکتی ہیں۔ ضرورت صرف اس امر کی ہے کہ ان کی صلاحیتوں کو پہچانا جائے اور انہیں آگے بڑھنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جائے۔ اسی سوچ کے تحت سبی ڈویژن میں قائم کیا گیا "بااختیار وومن سینٹر" ایک قابل ذکر اقدام ہے۔ کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض کی ذاتی دلچسپی اور اپنی مدد آپ کے تحت ڈویژنل پبلک اسکول سبی میں قائم کیے گئے اس مرکز میں خواتین کے لیے جدید کمپیوٹر لیب سمیت ضروری سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ تقریباً 15 کمپیوٹرز، لیپ ٹاپس، ڈیسک ٹاپ کمپیوٹرز، فرنیچر اور دیگر سہولیات کی فراہمی کا مقصد خواتین کو جدید دور کی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ مرکز میں انسٹرکٹرز کی تربیت کے بعد خواتین کو مختلف شعبوں میں مفت تربیت فراہم کرنے کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ یہ بات قابل غور ہے کہ آج کی دنیا میں صرف روایتی تعلیم کافی نہیں رہی۔ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، کمپیوٹر، آن لائن کام، فری لانسنگ، ڈیجیٹل مارکیٹنگ، گرافک ڈیزائننگ اور دیگر جدید مہارتیں روزگار کے نئے دروازے کھول رہی ہیں۔ خاص طور پر خواتین کے لیے یہ مہارتیں اس لحاظ سے اہم ہیں کہ وہ اپنی گھریلو ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ گھر بیٹھے بھی آمدن کے ذرائع پیدا کر سکتی ہیں۔ اس طرح ہنر محض ایک سرٹیفکیٹ تک محدود نہیں رہتا بلکہ معاشی خودمختاری کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ یوم

آزادی کے موقع پر بااختیار وومن سینٹر کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے کے لیے کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض اور YMSESDO پاکستان کے چیئرمین محمد منیر ابڑو کے درمیان ایک سالہ مفاہمتی یادداشت پر دستخط بھی کیے گئے۔ اس تعاون کے تحت مرکز میں مزید جدید کمپیوٹرز اور ضروری سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ خواتین کے لیے مختلف ٹریننگ اور اسکل ڈویلپمنٹ کورسز شروع کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ تربیت حاصل کرنے والی خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنانے کے لیے بلاسود قرضوں کے مواقع کی فراہمی کی کوشش بھی اس پروگرام کو محض تربیتی منصوبے کے بجائے معاشی خودمختاری کی جانب ایک قدم بناتی ہے۔ تاہم خواتین کو بااختیار بنانے کا تصور صرف تعلیم اور روزگار تک محدود نہیں۔ کسی بھی معاشرے میں خواتین کے مسائل کو سننا، انہیں فیصلہ سازی کے عمل میں جگہ دینا اور سرکاری اداروں تک ان کی براہ راست رسائی یقینی بنانا بھی انتہائی ضروری ہے۔ اسی سلسلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی ہدایات پر سرکٹ ہاؤس سبی میں ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیر صدارت خواتین کے لیے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد ایک اہم قدم ہے۔ اس کھلی کچہری میں خواتین کو یہ موقع ملا کہ وہ اپنے مسائل براہ راست ضلعی انتظامیہ کے سامنے پیش کریں، اپنی درخواستیں جمع کرائیں اور مختلف سرکاری محکموں سے متعلق مشکلات کے بارے میں بات کریں۔ ایس ایس پی بی عبدالحمید، اسسٹنٹ کمشنر بی عمران مندوخیل، مختلف محکموں کے افسران اور خواتین کی بڑی تعداد کی شرکت نے اس عمل کو مزید موثر بنایا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعدد قابل حل مسائل موقع پر ہی نمٹانے کی ہدایات دیں، جبکہ مستقبل میں بھی ایسی کھلی کچہریوں کے انعقاد کا عندیہ دیا گیا۔ خواتین کے لیے ایسی کھلی کچہریاں اس لحاظ سے اہم ہیں کہ بعض اوقات خواتین اپنے مسائل متعلقہ اداروں تک پہنچانے میں مختلف سماجی، جغرافیائی یا انتظامی رکاوٹوں کا سامنا کرتی ہیں۔ جب ضلعی انتظامیہ خود ان کے درمیان پہنچ کر ان کی بات سنتی ہے تو انتظامیہ اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ مضبوط ہوتا ہے۔ اس عمل سے نہ صرف شکایات کے ازالے میں مدد ملتی ہے بلکہ حکام کو زمینی حقائق اور ان مسائل کا براہ راست ادراک بھی ہوتا ہے جو عام سرکاری رپورٹس میں پوری طرح سامنے نہیں آ پاتے۔ خواتین کے حقوق کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر سبی کا یہ موقف بھی اہم ہے کہ خواتین کے مسائل کو نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے اور ان کے جائز حقوق اور ضروریات کو ترجیح دی جانی چاہیے۔ کسی بھی ترقیاتی پالیسی کا اصل مقصد اس وقت پورا ہوتا ہے جب اس کے ثمرات معاشرے کے تمام طبقات تک پہنچیں۔ تعلیم، صحت، صاف پانی، روزگار اور تحفظ جیسے بنیادی معاملات میں خواتین کی ضروریات کو سامنے رکھنا اسی جامع ترقی کا حصہ ہے۔ سبی ڈویژن میں بلوچستان اسکل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے تحت تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کے منصوبوں پر کام بھی اسی وسیع تر ترقیاتی سوچ کا حصہ ہے۔ اگر ان منصوبوں کے ساتھ خواتین کی تعلیم، فنی تربیت اور معاشی سرگرمیوں کے مواقع کو بھی مسلسل وسعت دی جائے تو اس کے اثرات آنے والے برسوں میں پورے معاشرے پر مرتب ہو سکتے ہیں۔ اصل کامیابی اس وقت حاصل ہوگی جب بااختیار وومن سینٹر جیسے منصوبے سبی شہر تک محدود نہ رہیں بلکہ ڈویژن کے دیگر علاقوں، تحصیلوں اور دور دراز آبادیوں تک بھی ان کا دائرہ پھیلایا جائے۔ خواتین کے لیے موبائل تربیتی پروگرام، مقامی سطح پر ہنر سکھانے کے مراکز، ڈیجیٹل لٹریسی پروگرام، آن لائن روزگار سے متعلق رہنمائی اور چھوٹے کاروبار کے لیے آسان مالی سہولیات فراہم کی جائیں تو ان اقدامات کے نتائج مزید وسیع ہو سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ نجی شعبے، تعلیمی ادارے، فلاحی تنظیمیں اور مقامی کاروباری طبقہ بھی اپنا کردار ادا کرے تو خواتین کے لیے روزگار اور کاروبار کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ یہ حقیقت بھی پیش نظر رہنی چاہیے کہ خواتین کو بااختیار بنانے کا مطلب انہیں معاشرے سے الگ کرنا نہیں بلکہ انہیں معاشرے کی تعمیر میں برابر کا شریک بنانا ہے۔ ایک تعلیم یافتہ اور ہنرمند خاتون اپنے بچوں کی بہتر تعلیم، صحت اور تربیت میں کردار ادا کرتی ہے، گھر کے معاشی فیصلوں میں حصہ لیتی ہے اور ضرورت پڑنے پر خاندان کا سہارا بھی بنتی ہے۔ یوں ایک خاتون کی ترقی کا اثر ایک فرد تک محدود نہیں رہتا بلکہ اس کے خاندان اور آنے والی نسلوں تک پہنچتا ہے۔ سبی ڈویژن کی خواتین میں صلاحیت، محنت اور آگے بڑھنے کا جذبہ موجود ہے۔ انہیں صرف ایسے مواقع اور پلیٹ فارم درکار ہیں جہاں وہ اپنی صلاحیتوں کو عملی شکل دے سکیں۔ بااختیار وومن سینٹر، خواتین کے لیے خصوصی کھلی کچہری اور بنیادی سہولیات کی فراہمی جیسے اقدامات اسی سمت میں مختلف پہلوؤں کو جوڑتے ہیں۔ ایک طرف خواتین کو ہنر اور جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کیا جا رہا ہے تو دوسری جانب انہیں اپنے مسائل براہ راست انتظامیہ کے سامنے رکھنے کا موقع دیا جا رہا ہے۔ ایک روشن مستقبل کی بنیاد آج کے فیصلوں سے رکھی جاتی ہے۔ اگر آج سبی کی بیٹی کو تعلیم، ہنر، اعتماد اور معاشی مواقع فراہم کیے جائیں تو کل وہ اپنے خاندان کی مضبوطی کے ساتھ ساتھ پورے ڈویژن کی ترقی میں اپنا حصہ ڈال سکتی ہے۔ یہی وہ سوچ ہے جو ترقی کو محض اعداد و شمار سے نکال کر انسانی زندگی میں بہتری سے جوڑتی ہے۔ ایک بااختیار عورت صرف اپنا مستقبل نہیں سنوارتی، وہ ایک خاندان کو مضبوط، ایک نسل کو تعلیم یافتہ اور ایک معاشرے کو زیادہ باصلاحیت بناتی ہے۔ سبی ڈویژن میں خواتین کے لیے مواقع پیدا کرنے کی یہ کوششیں اسی روشن مستقبل کی طرف ایک اہم قدم ہیں۔